| Ten Most Mispronounced Letters | 3 | دس غلط العام حروف کا صحیح تلفظ |
|---|---|---|

قرآن کریم کے تلفظ میں درج ذیل 10 حروف کو خاص طور پر صحیح تلفظ سے ادا کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ ان کی آوازیں دوسرے حروف سے مشابہت رکھتی ہیں۔ ان حروف کی بار بار مشق کرنے اور کروانے سے ان کی ادائیگی میں، انشاء اللہ، نکھار پیدا ہو گا۔

It is very important to take good care of the following similar sounding letters in the pronunciation of the Holy Qur'ān. They can be classified in the following groups. During the recitation great attention should be given to these letters.

| 10 | 9 | 8 | 7 | 6 | 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ء | ق | ع | ظ | ط | ض | ص | ذ | ح | ث |
| ع | ک | ا/ ء | ز | ت | ز | س | ز | ہ | س |

## ث

جب زبان کی نوک سامنے والے اوپر کے دو دانتوں سے نرمی سے لگتے ہوئے قدرے باہر آئے اور منہ سے ہوا کا نرمی سے اخراج ہو تو یہ حرف ادا ہوتا ہے۔

The tip of the tongue slightly comes out of the mouth and softly touches the upper teeth. Air should escape when pronounced correctly.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَسِّی : اَثِّیْ | اَسُّوْ : اَثُّوْ | اَسُّ : اَثُّ | اَسِّ : اَثِّ | اَسَّ : اَثَّ |
| مُنْبَثًّا | فَتَمَثَّلَ | بَثِّیْ | اِثَّاقَلْتُمْ | بَثَّ |

## ح

یہ حرف حلق کے درمیانی حصہ سے ادا ہوتا ہے اور اس کی آواز حلق سے رگڑ کھا کر نکلتی ہے اس مناسبت سے اس کا شمار حروف حلقی میں سے ہوتا ہے۔

It is pronounced from the middle of the throat. Air should escapes slightly. It is also called a 'letter of throat'.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَهِّيْ : اَحِّيْ | اَهُّوْ : اَحُّوْ | اَهُّ : اَحُّ | اَهِّ : اَحِّ | اَهَّ : اَحَّ |
| اَحْسَنُ | وَحْيُهٗ | يَحْلِلْ | اِشْرَحْ | اَلشُّحَّ |

# ذ

جب زبان کی نوک سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کی جڑ سے لگے تو نرمی سے یہ حرف ادا ہوتا ہے۔

The tip of the tongue slightly comes out of the mouth like ث but there is more vibration. The tongue is pressed against the edge of the upper front teeth. Slight air should escape.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَزِّيْ : اَذِّيْ | اَزُّوْ : اَذُّوْ | اَزُّ : اَذُّ | اَزِّ : اَذِّ | اَزَّ : اَذَّ |
| كَذَّبَ | نُعَذِّبُ | لَذَّةٍ | كَذَّبُوْا | تُعَذِّبَ |

# ص

جب زبان کی نوک سامنے والے نچلے دو دانتوں کے اندرونی حصہ سے لگے لیکن زبان کا بالائی حصہ تالو کی جانب بلند ہو تو یہ حرف ادا ہوتا ہے۔ اس حرف کو ہمیشہ موٹا اور پُر آواز میں ادا کیا جاتا ہے۔

This letter has the same articulation point as the letter س but the top of the tongue is raised to the roof of the mouth to make it a heavy and thick sounding letter.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَسِّيْ : اَصِّيْ | اَسُّوْ : اَصُّوْ | اَسُّ : اَصُّ | اَسِّ : اَصِّ | اَسَّ : اَصَّ |
| اَلصُّوْرِ | اَلصّٰدِقِيْنَ | فَاَصَّدَّقَ | اَلصّٰلِحٰتِ | لِلصَّلٰوةِ |

# ض

زبان کا کنارہ جب دائیں یا بائیں طرف سے اوپر کی ڈاڑھوں سے لگے تو حرف الضاد ادا ہوتا ہے۔ بائیں طرف لگانے سے یہ حرف آسانی کے ساتھ ادا ہوتا ہے۔

It is a heavy and thick sounding letter. The entire side of the tongue touches the base of the molars, either from right, left or both side. It is a mistake to pronounce it like the letter: Dāl.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَدِّىْ:اَضِّىْ | اَدُّوْ:اَضُّوْ | اَدُّ:اَضُّ | اَدِّ:اَضِّ | اَدَّ:اَضَّ |
| يَنْقَضَّ | وَالضُّحٰى | يَنْفَضُّوْا | اَلضَّآلُّوْنَ | نَضَّاخَتٰنِ |

## ط

اس حرف کا مخرج بھی حرف التاء کی طرح ہے یعنی جب زبان کی نوک سامنے والے اوپر کے دو دانتوں اور اندرونی مسوڑھے سے لگے تو یہ حرف ادا ہوتا ہے۔ تاہم اس کی ادائیگی کے وقت زبان تالو کی جانب بلند ہونے کی وجہ سے حرف کی ادائیگی میں صفت تفخیم پیدا ہو جاتی ہے۔

It is a heavy and thick sounding letter in comparison with the letter: ت(taa). The second part of the tongue (ie. a little backward from tip) touches the junction between the front upper teeth and the gums. Top of the tongue is raised to make it thick and heavy.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَتِّىْ:اَطِّىْ | اَتُّوْ:اَطُّوْ | اَتُّ:اَطُّ | اَتِّ:اَطِّ | اَتَّ:اَطَّ |
| بِالطَّاغِيَةِ | وَالطَّارِقُ | اَلطَّيْرِ | اَلطَّرْفِ | فَقَطَّعَ |

## ظ

حرف الذال کی طرح جب زبان کی نوک سامنے والے اوپر کے دو دانتوں کی جڑ سے لگے تو نرمی سے یہ حرف ادا ہوتا ہے۔ تاہم اس کو ادا کرتے وقت زبان تالو کی جانب بلند ہوتی ہے۔ موٹے پڑھے جانے والے حروف میں سے ہے۔

The tip of the tongue touches the edges of top two teeth and the tongue is raised to the roof of the mouth. This is also a thick-sounding letter.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَذِّىْ:اَظِّىْ | اَذُّوْ:اَظُّوْ | اَذُّ:اَظُّ | اَذِّ:اَظِّ | اَذَّ:اَظَّ |
| اَلظَّالِمُ | فَظًّا | حَظٍّ | تَلَظّٰى | اَلظَّاهِرُ |

# ع

یہ حرف حلق کے درمیانی حصہ سے ادا ہوتا ہے۔ اس مناسبت سے اس کا شمار حروف حلقی میں سے ہوتا ہے۔

It is pronounced from the middle of the throat. It is also called, a letter of throat.

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَءَّ : اَعَّ | اَءِّ : اَعِّ | اَءُّوْ : اَعُّوْ | اَیِّ : اَعِّیْ |
| فَعَّالٌ | تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ | اَسْمِعْ | فَاخْلَعْ |

# ق

قاف زبان کی جڑ کے آخری حصہ کو تالو کے مقابل حصہ پر لگانے سے ادا ہوتا ہے۔

The letter 'Qāf' is pronounced when the further most part of the tongue touches the opposite portion of the hard palate (blocking the passage of the throat).

.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَکَّ : اَقَّ | اَکِّ : اَقِّ | اَکُّ : اَقُّ | اَکُّوْ : اَقُّوْ | اَکِّیْ : اَقِّیْ |
| اِنْشَقَّ | اَلْحَآقَّةُ | لَقُوْهُمْ | تَنْشَقُّ | يَشَّقَّقُ |

# ء

یہ حرف حلق کے سب سے نچلے حصہ سے ادا ہوتا ہے۔ اپنے مخرج کی نسبت سے حروف حلقی میں شمار ہوتا ہے۔ بعض لوگ اس میں عین کی آواز شامل کر دیتے ہیں، اس سے اجتناب ضروری ہے۔

This letter originates from the bottom of throat (near chest). There should be no trace of 'Ayen'ع sound in its pronunciation.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَعْ : اَءْ | اِعْ : اِءْ | اُعْ : اُءْ | اُوْعْ : اُوْءْ | اِیْعْ : اِیْءْ |
| لَتُنَبَّؤُنَّ | يُؤْمَرُوْنَ | مَآوٰكُمْ | تُـْٔوِيْهِ | حَمِئَةٍ |

===

## Combined Exercise 1

| | |
|---|---|
| اَثْمَنُهَا ـ اَطْعَمَهُمْ | يَاْلَمُوْنَ ـ يَعْلَمُوْنَ |
| تَابَ ـ طَابَ | تَاْلَمُوْنَ ـ تَعْلَمُوْنَ |
| بَحْرُ ـ شَهْرُ | ثَابِتٌ ـ سَارَ ـ صَادِقٌ |
| وَالذّٰارِيَاتِ ذَرْوًا ـ زَادَ ـ لَظٰى ـ اَنْقَضَ ـ ذُوْ فَضْلٍ | |

## Combined Exercise 2

| | |
|---|---|
| سَآئِقٌ ـ لَصَادِقٌ | قَالُوْا ـ كَالُوْهُمْ |
| تَارِكٌ ـ طَآئِعِيْنَ | يُحَآدُّوْنَ ـ هَادِيًا |
| دَابِرَ ـ ضَامِرٍ ـ ظَاهِرٌ | عٰلَمِيْنَ ـ ءَاَرْبَابٌ |
| بِيَعٌ ـ نَبَؤًا | دَحٰهَا ـ ضُحٰهَا ـ اَوْحٰى |
| مُشْرِقِيْنَ ـ مُشْرِكِيْنَ | جَآءَتِ الطَّآمَّةُ |

---